
ہفتہ وار رسالہ: 307
WEEKLY BOOKLET: 307

تحریراتِ امیرِ اہلِ سنت، قسط: 2


امیرِ اہلِ سنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی سفرِ مدینہ
کے دوران ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریروں (HandWriting) کا تصویری البم



بنام

# یادِ مکہ و مدینہ

صفحات 30




"الحمدللہ! اس رسالے میں امیرِ اہلِ سنت کی تقریباً 29 سال پرانی تحریر بھی شامل ہے۔"

پیشکش
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center

# کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ لیجئے
ان شاءاللہ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ
عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(مستطرف، 40/1)

(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)


نام رسالہ : یادِ مکہ و مدینہ

پہلی بار : ذوالقعدہ ١٤٤٤ھ، جون 2023ء

تعداد : 34000 (چونتیس ہزار)

مؤلف : ابو محمد طاہر عطاری مدنی

ناشر : مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، کراچی۔



التجا

کسی اور کو یہ رسالہ چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔

کتاب کی طباعت میں نمایاں خرابی ہو یا صفحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں
تو مکتبۃ المدینہ سے رجوع کیجئے۔



# عرضِ مؤلّف

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْکَرِیْم

اللہ والوں کے قلم سے جاری ہونے والے الفاظ جامع اور پُراثر ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارے لئے مشعلِ راہ(یعنی رہنما اُصول) ہوتے ہیں۔ ان پر عمل کرنے میں دونوں جہاں کی بھلائی ہے۔ آپ کے ہاتھوں میں موجود رسالہ "یادِ مکہ و مدینہ" امیرِ اہلِ سنّت کی اُن تحریرات کا مجموعہ ہے جو آپ نے چندماہ قبل عمرہ شریف(1444ہجری 2022) کے سفر کے دوران ترتیب دیں۔ یقیناً مسلمان کے دل میں خوشی داخل کرنا بہت بڑے ثواب کا کام ہے۔ ماشاءَ اللہُ الکریم! امیرِ اہلِ سنّت نے اِس مبارک سفر میں مختلف اسلامی بھائیوں کی دلجوئی کرتے ہوئے اُن کے نام اپنے ہاتھ سے چند احادیثِ مبارکہ اور روایات لکھیں۔ مزید اس رسالے "یادِ مکہ و مدینہ" کو اسم با مسمّیٰ (یعنی جیسا نام ہے ویسا) بنانے کے لئے امیرِ اہلِ سنّت کے پرانے اسفارِ مدینہ کی تحریرات بھی شامل کی گئی ہیں جیسا کہ صفحہ نمبر22اور24 کی تحریر تقریباً29سال اور صفحہ نمبر 26 کی تحریر تقریباً23سال پہلے کی ہے۔ اللہ پاک کی امیرِ اہلِ سنّت پر رحمت ہو اور آپ کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو۔ اٰمین بِجاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللّٰہُ علیہِ واٰلِہٖ وسلَّم

موقع کی مناسبت سے ہر صفحے پر مختلف روایات اور خوبصورت ڈیزائننگ کی گئی ہے نیز ہر صفحے پر دو (QR code) دیئے گئے ہیں، ایک میں امیرِ اہلِ سنّت کے سفرِ مدینہ 2019 کی ویڈیوز اور مقدس مقامات کی زیارات ہیں جبکہ دوسرے (QR code) میں مختلف نعتیہ کلام شامل کئے گئے ہیں۔ (QR code) کو (Scan) کرکے آپ بھی اپنے دلوں میں یادِ مکہ و مدینہ بڑھایئے اور اس خوبصورت کلرفُل رسالے کو تقسیم کرکے خوب ثواب کمایئے۔ اگر زائرینِ مدینہ سفرِ حرمینِ طیبین میں اس تحریری گلدستے کو ساتھ رکھیں اور وقتاً فوقتاً مطالعہ کرتے، کلام سنتے رہیں تو ان شاءَ اللہُ الکریم ولیِ کامل کی تحریرات کی برکات سے اپنے ذوق و شوق کو بڑھتا ہوا پائیں گے۔

طالبِ غمِ مدینہ و بقیع و مغفرت
ابو محمد طاہر عطاری مَدَنی عُفِیَ عَنْہ








## سامانِ مدینہ* (۲۵ ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۳۹ھ)

① رفیق الحرمین ② دو عدد احرام

③ دو نئے سفید لباس ④ دو سفید عمامے، دو سربند، دو سفید ٹوپیاں

تین چھوٹے تولیے (جیب کے) ⑤ سنّت بکس (قفلِ مدینہ کا پیڈ)

⑥ دو مسواکیں ⑦ تیل، کنگھی

⑧ تین الارم گھڑیاں ⑨ چٹائی، تکیہ

⑩ چار چادریں (ایک کتھئی، دو سفید)

⑪ چند بال پوائنٹ ⑫ چند رنگین قلم

⑬ ایک پرانی ڈائری (ضرورتاً تحریری کام کیلئے)

⑭ سُرمے کی سلائی (خاکِ مدینہ کا سُرمہ) ⑮ 33 دانے کی تسبیح چند کاؤنٹر

⑯ گلے میں لٹکانے کا بیگ ⑰ پانی کی لٹکانے کی بوتل

⑱ احرام کا نائلون کا بیلٹ ⑲ ٹشو پیپر (ٹائلیٹ کا)

⑳ ۱۰ روپے والے نوٹ (مناسب مقدار میں)

㉑ دو چھوٹے لیٹر پیڈ ㉒ موزے ㉓ ایک جوڑی چپل

㉔ بیٹھنے کا پٹلہ ㉕ وُضو کا لوٹا ㉖ ضروری دوا

㉗ بانٹنے کیلئے طواف کی تسبیحات ㉘ بے خوشبو صابن
مٹّی کی پلیٹ، مٹّی کا پیالہ ㉙ کھانے کا سوڈا (دانتوں کیلئے)

㉚ دانتوں سے ریشے نکالنے کیلئے ۔ ㉛ بڑا کین


㉜ ٹارچ ㉝ نمک کی شیشی ㉞ بیگیج پر باندھنے
سیلے ربن ㉟ عطر

(حسبِ ضرورت اشیاء کا انتخاب فرمالیجئے)

*2018 کے سفر مدینہ پر روانگی سے قبل امیر اہلسنت کے سامان کی لسٹ

SCAN ME

SCAN ME




بھاگا ہوا مجرم اپنے مولیٰ کی بارگاہ میں حاضری کے لئے چل پڑا ہے۔

جو ہیبت سے رُکے مجرم تو رحمت نے کہا بڑھ کر
چلے آؤ! چلے آؤ! یہ گھر رحمٰن کا گھر ہے

(دورانِ پرواز.... سوئے مدینہ.... کی تحریر)

**فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم :**

”جو شخص اپنے غصّے کو روکے گا اللہ پاک قیامت کے روز اُس سے اپنا عذاب روک دے گا۔“ (رفیق الحرمین، ص15)

اَلحمدُلِلّٰہ الکریم یہ الفاظ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی فضاؤں میں جُھومتا ہوا سوئے جدّہ شریف رواں دواں ہے۔

لو آیا کہ اب آیا جدّہ کا ساحِل
اب آئے گا مکہ، چلیں گے مدینہ

(حاجی محمد امین عطاری کی خدمت میں سفرِ مدینہ کی یادگار سوغات)


یادِ سفرِ مدینہ

اللہ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم :
”جو شخص اپنے غصّے کو روکے گا اللہ پاک قیامت کے روز اُس سے اپنا عذاب روک دے گا۔“ (رفیق الحرمین ص15)
الحمدللہ الکریم یہ الفاظ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی فضاؤں میں جُھومتا ہوا سوئے جدّہ شریف رواں دواں ہے۔
لو آیا کہ اب آیا جدّہ کا ساحِل
اب آئے گا مکہ، چلیں گے مدینہ
(حاجی محمد امین عطاری کی خدمت میں۔ سفرِ مدینہ کی یادگار سوغات)
صلوا علی الحبیب صلی اللہ علیٰ محمد




ساحلِ جدّہ




"حرمِ مکّہ میں کی جانے والی ایک نیکی لاکھ نیکی کے برابر ہے اور ایک گناہ لاکھ گُنا ہے۔"

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ الکریم یہ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز جدّہ شریف کی طرف مَحوِ پرواز (یعنی اُڑ رہا) ہے۔



امیرِ اہلسنت تحریر فرماتے ہوئے (سفرِ حج 2019)

SCAN ME

SCAN ME

یادِ سفرِ مدینہ

اللہ

حدیثِ قُدسی میں اللہ کریم کا فرمانِ عالیشان :
"جس نے میری حرام کردہ چیزوں سے اپنی آنکھوں کو جُھکا لیا (یعنی انہیں دیکھنے سے بچا) میں اُسے جہنّم سے اَمان (یعنی پناہ) عطا کردوں گا۔" (رفیق الحرمین ص 14)
الحمدللہ الکریم ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی فضاؤں میں محوِ پرواز (یعنی اُڑ رہا) ہے۔

اُن کے سوا کسی کی دل میں نہ آرزو ہو
دنیا کی ہر طلب سے بیگانہ بن کے جاؤں

صلوا علی الحبیب صلی اللہ علیٰ محمد

19 ربیع الآخر 1444ھ
14-11-22

## حدیثِ قُدسی میں اللہ کریم کا فرمانِ عالیشان:

"جس نے میری حرام کردہ چیزوں سے اپنی آنکھوں کو جُھکا لیا (یعنی انہیں دیکھنے سے بچا) میں اُسے جہنّم سے اَمان (یعنی پناہ) عطا کردوں گا۔" (رفیق الحرمین، ص 14)

اَلحمدُللہ الکریم ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی فضاؤں میں محوِ پرواز (یعنی اڑ رہا) ہے۔

ان کے سوا کسی کی دل میں نہ آرزو ہو　دنیا کی ہر طلب سے بیگانہ بن کے جاؤں



SCAN ME　SCAN ME



اللہ

یادِ سفرِ مدینہ

حدیثِ قُدسی میں فرمانِ الٰہی : اے آدمی تیرا دین اُس وقت تک دُرست نہیں ہو سکتا جب تک تیری زبان سیدھی نہ ہو اور تیری زبان تب تک سیدھی نہیں ہو سکتی جب تک تُو اپنے ربّ عزوجل سے حیا نہ کرے۔" (رفیق الحرمین ص 13 تا 14)

الحمد للہ ہمارا ہوائی جہاز سوئے جدّہ شریف محوِ پرواز (یعنی اُڑ رہا) ہے۔

حاجی محمد شاہد عطاری (نگرانِ پاک) کی خدمت میں سوغات

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

حدیثِ قُدسی میں فرمانِ الٰہی: اے آدمی تیرا دِین اُس وقت تک دُرست نہیں ہو سکتا جب تک تیری زبان سیدھی نہ ہو اور تیری زبان تب تک سیدھی نہیں ہو سکتی جب تک تُو اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ سے حَیا نہ کرے۔ (رفیق الحرمین، ص 13 تا 14)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! ہمارا ہوائی جہاز سوئے جدّہ شریف محوِ پرواز (یعنی اُڑ رہا) ہے۔

(حاجی محمد شاہد عطاری (نگرانِ پاک) کی خدمت میں سوغات)

یادِ سفرِ مدینہ

اللہ

الحمدللہ الکریم یہ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف
کی حدود میں داخل ہو چکا ہے۔ "نیّت ہے سفرِ مدینہ
میں اپنے لئے، ہر دعوتِ اسلامی والے اور والی کیلئے اور تمام
عاشقانِ رسول کیلئے دعا کرتا رہوں گا۔" (مسافر کی دعا قبول
ہوتی ہے۔ "رفیق الحرمین" ص 14 پر ہے: مسلمان کہ مسلمان کیلئے
غیر موجودگی میں جو دعا مانگے وہ قبول ہوتی ہے۔

صلوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد


اَلْحمدُ لِلّٰہ الکریم یہ لکھتے وقت ہمارا ہوائی جہاز عرب شریف کی حُدود میں داخل ہو چکا ہے۔ "نیّت ہے سفرِ مدینہ میں اپنے لیے، ہر دعوتِ اسلامی والے اور والی کیلئے اور تمام عاشقانِ رسول کیلئے دعا کرتا رہوں گا۔" مسافر کی دعا قبول ہوتی ہے۔ "رفیقُ الحرمین" ص 14 پر ہے: مسلمان کہ مسلمان کیلئے غیر موجودگی میں جو دعا مانگے وہ قبول ہوتی ہے۔



"سوتے وقت ایک بار آیۃُ الکرسی ہمیشہ پڑھئے کہ چور اور شیطان سے ہمیشہ امان (یعنی پناہ) ہے۔" (رفیق الحرمین، ص42)

اَلحمدُ لِلّٰہ الکریم سفرِ مدینہ کا سلسلہ ہے، اِن شاءَ اللہُ الکریم عنقریب ہمارا ہوائی جہاز جدّہ شریف میں اترنے والا ہے۔

ساحلِ جدّہ پہ اب اپنا سفینہ آ گیا
لو وہ مکّہ آ گیا دیکھو مدینہ آ گیا
(الحمدللہ جدّہ شریف آ گیا)


یادِ سفرِ مدینہ
اللہ
"سوتے وقت ایک بار آیۃُ الکرسی ہمیشہ پڑھئے کہ چور اور شیطان سے ہمیشہ امان (یعنی پناہ) ہے۔"
(رفیقُ الحرمین ص 42)
الحمدللہ الکریم سفرِ مدینہ کا سلسلہ ہے، ان شاءاللہ الکریم عنقریب ہمارا ہوائی جہاز جدّہ شریف میں اترنے والا ہے۔
ساحلِ جدّہ پہ اب اپنا سفینہ آ گیا
لو وہ مکّہ آ گیا دیکھو مدینہ آ گیا
(الحمدللہ جدّہ شریف آ گیا)
صلّوا علَی الحبیب صلَّی اللہُ علٰی محمّد



یادِ سفرِ مدینہ

اللہ

"دوسروں سے دعا کروانے سے برکت حاصل ہوتی ہے، اپنے حق میں دوسرے کی دعا قبول ہونے کی زیادہ امید ہوتی ہے۔" (رفیق الحرمین ص 12 تا 13)

(ان شاء اللہ الکریم عنقریب ہمارا ہوائی جہاز جدّہ شریف کے مَطار (یعنی ائیر پورٹ) پر اُترنے والا ہے)

صلوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد

محمد الیاس قادری

"دوسروں سے دعا کروانے سے برکت حاصل ہوتی ہے، اپنے حق میں دوسرے کی دعا قبول ہونے کی زیادہ امید ہوتی ہے۔"

(رفیق الحرمین، ص 12 تا 13)

اِن شاءَ اللہ الکریم عنقریب ہماراہوائی جہاز جدّہ شریف کے مَطار (یعنی ایئرپورٹ) پر اُترنے والا ہے۔



اللّٰہ

یادِ مکۂ مکرّمہ
زادھا اللّٰہ شرفاً وّتعظیماً

" آبِ زم زم دیکھنے سے نظر تیز ہوتی اور گناہ دور ہوتے ہیں، تین چُلّو سر پر ڈالنے سے ذلّت و رسوائی سے حفاظت ہوتی ہے" (رفیق الحرمین ص 123)

الحمدُ للّٰہ الکریم آج عمرہ شریف کرنے کے بعد یہ تحریر تیار کی۔

**نگرانِ شوریٰ حاجی عمران** مع جُملہ اراکینِ شوریٰ (برائے دعوتِ اسلامی) کی خدمت میں بھی اِس عمرے کا ایصالِ ثواب پیش کیا۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہ علٰی محمّد

محمد الیاس قادری



آبِ زم زم کا کنواں

" آبِ زم زم دیکھنے سے نظر تیز ہوتی اور گناہ دور ہوتے ہیں۔ تین چُلّو سر پر ڈالنے سے ذِلّت و رُسوائی سے حفاظت ہوتی ہے۔ " (رفیق الحرمین ص 123)


اَلْحَمْدُ لِلّٰہ الکریم آج عمرہ شریف کرنے کے بعد یہ تحریر تیّار کی۔

نگرانِ شوریٰ حاجی عمران مع جُملہ اراکینِ شوریٰ (برائے دعوتِ اسلامی) کی خدمت میں بھی اِس عمرے کا اِیصالِ ثواب پیش کیا۔



SCAN ME

SCAN ME



الله


فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم :

" جب سفر سے کوئی واپس آئے تو گھر والوں
کیلئے کچھ نہ کچھ ہدیہ (یعنی GIFT) لائے، اگرچہ
جھولی میں پتھر ہی ڈال لائے۔" (550 سنتیں اور آداب، ص 702)

الحمد للہ الکریم یہ لکھتے وقت مکۂ مکرمہ کی
مہکی مہکی فضاؤں میں حاضر ہوں، اِن شاءَ اللہ الکریم تھوڑی دیر بعد
مدینہ شریف کی جانب روانگی ہے۔

ع جلد ہم عازِمِ گلزارِ مدینہ ہوں گے
اِن شاءَ اللہ الکریم

(الحاج سید عارف علی شاہ صاحب کی
خدمت میں پیش کرنے کے لئے یہ تحریر تیار کی)



**فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم :**

"جب سفر سے کوئی واپس آئے تو گھر والوں
کیلئے کچھ نہ کچھ ہدیہ (یعنی GIFT) لائے، اگرچہ
جھولی میں پتھر ہی ڈال لائے۔"

(550 سنتیں اور آداب، ص702)

اَلحمدُ للہ الکریم یہ لکھتے وقت مکۂ مکرمہ کی مہکی
مہکی فضاؤں میں حاضر ہوں، اِن شاءَ اللہ الکریم
تھوڑی دیر بعد مدینہ شریف کی جانب روانگی ہے۔

جلد ہم عازِمِ گلزارِ مدینہ ہوں گے اِن شاءَ اللہ الکریم

(الحاج سیّد عارف علی شاہ صاحب کی خدمت میں
پیش کرنے کے لیے یہ تحریر تیار کی)

SCAN ME

SCAN ME



اللہ   یادِ راہِ مدینہ

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ والہٖ وسلم :
" جو کسی مریض کی عیادت کو جاتا ہے تو آسمان سے
ایک پکارنے والا پکارتا ہے : تجھے خوشخبری ہو، تیرا
چلنا اچّھا ہے اور تونے جنّت کی ایک منزل کو اپنا
ٹھکانہ بنا لیا ۔ (550 سنّتیں اور آداب ص 72 تا 73)
الحمدللہ الکریم ہماری ٹرین جانبِ مدینہ بڑھتی
جارہی ہے اِسی دوران یہ تحریر
تیار کی، تحفہ برائے رکنِ شوریٰ
حاجی فضیل رضا عطاری
مدینہ آنے والا ہے

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: ”جو کسی مریض کی عیادت کو جاتا ہے تو آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے: تجھے خوش خبری ہو، تیرا چلنا اچّھا ہے اور تو نے جنّت کی ایک منزل کو اپنا ٹھکانہ بنالیا۔ “(550 سنّتیں اور آداب، ص72تا73)

اَلحمدُ لِلّٰہ الکریم ہماری ٹرین جانبِ مدینہ بڑھتی جارہی ہے اسی دوران یہ تحریر تیّار کی۔

(تحفہ برائے رکنِ شوریٰ حاجی فضیل رضا عطاری)

مدینہ آنے والا ہے



## یادِ حاضریِ مدینہ

(قبرِ انور میں) اللہ پاک کے سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جسمِ مبارک سے زمین کا جو حصّہ لگا ہوا ہے وہ کعبہ شریف سے بلکہ عرش و کُرسی سے بھی افضل ہے۔

عرشِ عُلیٰ سے اعلیٰ پیارے نبی کا روضہ
ہے ہر مکاں سے بالا پیارے نبی کا روضہ[1]

[1] روضہ یعنی باغ۔ شعر میں روضہ سے مراد وہ جگہ ہے جہاں جسمِ اقدس تشریف فرما ہے۔

(الحمدللہ الکریم اس بار کی حاضریِ مدینہ کی آج پہلی شب ہے۔ (یہ تحریر حاجی **عبد الحبیب عطاری** کیلئے تحفہ ہے)

صلوا علی الحبیب صلی اللہ علیٰ محمد

---

(قبرِ انور میں) اللہ پاک کے سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے جسمِ مبارک سے زمین کا جو حصّہ لگا ہوا ہے وہ کعبہ شریف سے بلکہ عرش و کُرسی سے بھی افضل ہے۔

عرشِ عُلیٰ سے اعلیٰ پیارے نبی کا روضہ[1]
ہے ہر مکاں سے بالا پیارے نبی کا روضہ


[1] روضہ یعنی باغ، شعر میں روضہ سے مراد وہ جگہ ہے جہاں جسمِ اقدس تشریف فرما ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ الکریم اس بار کی حاضریِ مدینہ کی آج پہلی شب ہے۔

(یہ تحریر حاجی **عبد الحبیب عطاری** کیلئے تحفہ ہے)

SCAN ME

SCAN ME




(مفتی حسّان مدنی کیلئے تحفہ)

افسوس وقتِ رخصت نزدیک آرہا ہے

دل غم کے گہرے دریا میں ڈوبا جارہا ہے

اللہ کریم آپ کو مع والدہ مرحومہ و جملہ خاندان بے حساب مغفرت سے مُشرّف فرمائے۔ آمین

آہ! صرف چند گھنٹے بعد شاید مدینہ چُھوٹ جائے۔

(مفتی حسّان مدنی کیلئے تحفہ)




آہ! ہجرِ مدینہ

اللہ

"یا اللہ پاک ہر دعوتِ اسلامی والے اور
والی کو اور ساری امّت کو بخش
دے، میرے تمام مدنی بیٹوں اور مدنی بیٹیوں
کی جائز مرادوں پر رحمت کی نظر فرما۔ اٰمین۔
یہ لکھتے وقت دل غمزدہ ہے... آہ!
چند گھنٹوں کے بعد
مدینہ چھٹنے والا ہے۔
آہ! مدینے سے جدائی کی
جاں سوز گھڑیاں ہیں۔
سب دعوتِ اسلامی کا دینی کام کرتے
رہئے۔ صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

"یااللہ پاک ہر دعوتِ اسلامی والے اور والی کو اور ساری امّت کو بخش دے،
میرے تمام مدنی بیٹوں اور مدنی بیٹیوں کی جائز مرادوں پر رحمت کی نظر فرما۔ اٰمین۔
یہ لکھتے وقت دل غمزدہ ہے۔۔۔ آہ! چند گھنٹوں کے بعد مدینہ چُھٹنے والا ہے۔
آہ! مدینے سے جُدائی کی جاں سوز گھڑیاں ہیں۔ سب دعوت اسلامی کا دینی کام کرتے رہئے۔




افسوس! چند گھڑیاں طیبہ کی رہ گئی ہیں

اے آنکھ! خون رولے تو رونا ہے جس قدر

یہ لکھتے ہوئے تقریباً ساڑھے چار گھنٹے بعد (بقیع میں جگہ نہ ملنے کی صورت میں)

شاید مدینہ چُھٹ جائے گا۔ آہ!

(الحاج سیّد ابراہیم شاہ صاحب کی نذر)

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

اللہ ا

آہ! مدینہ چھوٹ گیا

"مدینہ کونین کا نگینہ ہے"۔
حسرت بھرے دلوں سے ہم آئے ہیں لوٹ کر
ہے چاک چاک ہجر میں یہ سینہ وجگر

آہ! مدینہ نگاہوں سے چھپ گیا، ٹرین ہمیں
دور دور کھینچے لیے جارہی ہے،
آہ! اب جدّہ شریف
آئے گا... پھر- پھر---
مدینہ چھوڑ کے ویرانہ ہند کا چھایا
یہ ہائے کیسا حواسوں نے اختلال کیا

محمد الیاس قادری



"مدینہ کونین کا نگینہ ہے۔"

حسرت بھرے دلوں سے ہم آئے ہیں لوٹ کر
ہے چاک چاک ہجر میں یہ سینہ و جگر

آہ! مدینہ نگاہوں سے چُھپ گیا،
ٹرین ہمیں دور دور کھینچے لیے جارہی ہے،
آہ! اب جدّہ شریف آئے گا۔ پھر... پھر...

مدینہ چھوڑ کے ویرانہ ہند کا چھایا
یہ ہائے کیسا حواسوں نے اختلال کیا

ہائے ! مدینہ چھوٹ گیا

اللہ

حسرت بھرے دلوں سے ہم آئے ہیں لوٹ کر
ہے چاک چاک ہجر میں یہ سینہ و جگر

اس وقت ٹرین مجھے مدینے سے دور دور کھینچے
لئے جا رہی ہے سرکار! کاش! بقیع ~~
یا اللہ پاک میری اکلوتی بیٹی
اور تینوں نواسیوں اور ان کی
آل کو بے حساب بخشش اور
بار بار مدینہ دکھا۔
آمین۔

صلوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد




حسرت بھرے دلوں سے ہم آئے ہیں لوٹ کر
ہے چاک چاک ہجر میں یہ سینہ و جگر

اس وقت ٹرین مجھے مدینے سے دُور دُور کھینچے
لئے جا رہی ہے، کاش! البقیع۔۔۔

یا اللہ پاک! میری اکلوتی بیٹی اور تینوں نواسیوں اور ان کی
آل کو بے حساب بخشش اور بار بار مدینہ دکھا۔ آمین۔







افسوس! چند گھڑیاں طیبہ کی رہ گئی ہیں


اے آنکھ! خون رولے تو رونا ہے جس قدر

آہ! مدینہ چُھوٹ رہا ہے


اللہ
آہ! فراقِ مدینہ
چھپ گیا نگاہوں سے، آہ! سب مدینے کا
دلکش و حسین منظر، میں مدینہ چھوڑ آیا
دور ہو گیا سرکار! آہ! غمزدہ عطار
جلد آؤں پھر در پر، میں مدینہ چھوڑ آیا
(رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کی خدمت میں
غمِ مدینہ میں ڈوبی ہوئی تحریر کی سوغات...
یہ الفاظ اگرچہ مدینۂ پاک میں نہیں
لکھے تاہم جس کاغذ پر لکھے ہیں وہ
مدینے ہو کر آیا ہے)۔
صلوا علی الحبیب صلی اللہ علی محمد
محمد الیاس قادری

چُھپ گیا نگاہوں سے، آہ! سب مدینے کا دلکش و حسین منظر، میں مدینہ چھوڑ آیا
دُور ہوگیا سرکار! آہ! غمزدہ عطار جلد آؤں پھر در پر، میں مدینہ چھوڑ آیا

(رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کی خدمت میں غمِ مدینہ میں ڈوبی ہوئی تحریر کی سوغات۔۔۔ یہ الفاظ اگرچہ مدینۂ پاک میں نہیں لکھے تاہم جس کاغذ پر لکھے ہیں وہ مدینے ہو کر آیا ہے)۔






٢٨٦/
الحمدللہ سامنے مسجد
الحرام کے مینار نور برسا رہے
ہیں۔ ہمارے سیدھے ہاتھ پر
جو عمارت نظر آرہی ہے۔ یہ
شاہ خالد کا محل ہے جو دنیا
کے سب سے قدیم پہاڑ جبلِ
ابی قبیس پر بنا ہوا ہے۔
کہتے ہیں اس پہاڑ پر حضرت
آدم علیہ السلام کا مزار ہے۔
جنت سے جب "حجرِ اسود" اترا
تو اسی پہاڑ پر ایک ماہ رہا۔
اسی پہاڑ پر چاند کے دو ٹکڑے
سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم
نے فرمائے — سگِ مدینہ عفی عنہ
۵ ذوالحجۃ الحرام
۱۴۲۱ھ



الحمدللہ سامنے مسجد الحرام کے مینار نور برسا رہے ہیں۔ ہمارے سیدھے ہاتھ پر جو عمارت نظر آرہی ہے، یہ شاہ خالد کا محل ہے جو دنیا کے سب سے قدیم پہاڑ جبلِ ابی قبیس پر بنا ہوا ہے۔ کہتے ہیں اس پہاڑ پر حضرت آدم علیہ السّلام کا مزار ہے۔ جنت سے جب "حجرِ اسود" اترا تو اسی پہاڑ پر ایک ماہ رہا۔ اسی پہاڑ پر چاند کے دو ٹکڑے سرکار صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے فرمائے۔






## تحریرِ عرب شریف


ہمارے میٹھے میٹھے آقا صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے کبھی بھی اپنی زبانِ پاک سے کوئی فالتو لفظ نہیں نکالا، نہ ہی کبھی قہقہہ مار کر ہنسے۔

اے کاش! یہ سنتیں زندہ ہوں اور خاموشی کی نعمت نصیب ہو جائے۔

(عرب شریف کی خوشگوار فضاؤں میں لکھی ہوئی اس تحریر کو دکھانے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ اگر دکھانے والا گفتگو میں دلچسپی نہ لے تو ناراض نہ ہوں۔ شکریہ)

نوٹ: پڑھ کر واپس لوٹا دیں۔


٧٨٦
مدینہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ
بقیع
تحریرِ عرب شریف
" ہمارے میٹھے میٹھے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی اپنی زبانِ پاک سے کوئی فالتو لفظ نہیں نکالا، نہ ہی کبھی قہقہہ مار کر ہنسے۔
اے کاش! یہ سُنتیں زندہ ہوں اور خاموشی کی نعمت نصیب ہوجائے۔
(عرب شریف کی خوشگوار فضاؤں میں لکھی ہوئی اس تحریر کو دکھانے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ اگر دکھانے والا گفتگو میں دلچسپی نہ لے تو ناراض نہ ہوں۔ شکریہ)
نوٹ: پڑھ کر واپس لوٹا دیں۔





۱۵ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۴۰ھ

اللہ

طیبہ کو چلو طیبہ!

قافلہ سوئے مدینہ آ رہا ہے ہو کرم

قافلہ سوئے مدینہ آ رہا ہے ہو کرم
سوزشِ سینہ عطا ہو یا نبی! چشمِ نَم

گنبدِ خضرا کو چومے جس گھڑی میری نظر
اُس گھڑی اللہ! دیکھو جلوۂ شاہِ اُمَم

قافلہ اب چل مدینے کا چلا سوئے حرم
یا رسولَ اللہ! سب پر کیجیے چشمِ کرم

دم لبوں پر آ گیا عطار کا یا مصطفیٰ!
ہو کرم شاہِ حرم! نکلے ترے جلووں میں دم

قافلے میں چل مدینے کے ہیں جتنے بھی شریک
سب پہ ہو رحمت خدا کی مصطفیٰ کا ہو کرم


شاہِ والا! میں گنہگاروں کا بھی سردار ہوں
تم شہِ ابرار ہو یا سیدِ عرب و عجم

فضلِ رب سے آپ تو ہر چیز کے مختار ہیں
عرشِ اعظم آپ کا ہے، آپ کے لوح و قلم

یا نبی مجھ کو بنا دو تم مدینے کا فقیر
میں نہیں، ہرگز نہیں ہوں طالبِ جاہ و حشم

یا نبی! ہم کو شفاعت کی عطا خیرات ہو
عاصیوں کا آپ کے ہاتھوں میں ہے آقا بھرم

(مکہ مکرمہ میں ۱۴ ذوالحجہ ۱۴۴۰ھ کو سات اشعار لکھے … مدینہ پاک … اشعار کا اضافہ کیا)


مدینہ ۷۸۶

الحمدللہ عزوجل یہ الفاظ تحریر کرتے وقت میں مسجد النبوی الشریف علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں حاضر ہوں۔ اور آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے اُس خوش نصیب .... کو یاد کر رہا ہوں جس کا نام "یعفور" تھا اور آرزو ہے.... حسرت ہے.... اُس خوش بخت یعفور پر رشک ہے.... کاش میں یعفور کے قدموں میں سے کسی ایک قدم کا کُھر ہوتا۔ کاش خر یا خچر یا گھوڑا بن کر آتا اور آپ نے بھی کھونٹے سے باندھ کر رکھا ہوتا جی چاہتا ہے کسی کو یعفور کہہ کر پکارا کروں لھٰذا حاجی فیاض کا نام آج سے محمد اور پکارنے کیلئے یعفور رضا رکھتا ہوں۔

الحمدللہ عزوجل یہ الفاظ تحریر کرتے وقت میں مسجد النبوی الشریف علیٰ صاحبہا الصلوۃ والسلام میں حاضر ہوں۔ اور آقا صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی سواری کے اُس خوش نصیب ۔۔۔ کو یاد کر رہا ہوں جس کا نام "یَعْفُور" تھا اور آرزو ہے۔۔۔ حسرت ہے۔۔۔ اُس خوش بخت یعفور پر رشک ہے۔۔۔ کاش میں یعفور کے قدموں میں سے کسی ایک قدم کا کُھر ہوتا۔

کاش خر یا خچر یا گھوڑا بن کر آتا اور
آپ نے بھی کھونٹے سے باندھ کر رکھا ہوتا

جی چاہتا ہے کسی کو یعفور کہہ کر پکارا کروں لہٰذا حاجی فیاض کا نام آج سے محمد اور پکارنے کے لئے یعفور رضا رکھتا ہوں۔





اللہ

جیسے چاہے تُو جہاں میں گھوم پھر
یہ مدینہ ہے یہاں آہستہ چل

مدینے کے زائرین کو
نہایت ادب سے
رہنا چاہیے۔

کہ کہیں ایسا نہ
ہو سارا سفر بے کار
ہو جائے۔

جیسے چاہے تُو جہاں میں گھوم پھر
یہ مدینہ ہے یہاں آہستہ چل

مدینے کے زائرین کو نہایت ادب سے رہنا چاہئے۔
کہیں ایسا نہ ہو سارا سفر بے کار ہو جائے




## حرمین شریفین میں ننگے پاؤں رہنے والے توجہ فرمائیں۔

(پڑھ کر دوسرے اسلامی بھائی کو پڑھادیں)

ہر وقت اپنے پاس ایک شاپنگ بیگ (جس پر کچھ لکھا ہوا نہ ہو) میں چپل کی جوڑی رکھا کریں۔ جہاں کہیں راستے میں پانی وغیرہ بکھرا ہوا ہو، فوراً چپل پہن لیں۔ بالخصوص تاکید ہے کہ "دوراۃ میاۃ" کی سیڑھی کے پاس پہنچتے ہی چپل پہن لیں۔ لیٹرین میں ہرگز ننگے پاؤں نہ جائیں۔ اپنی رہائش گاہ کے حمام میں بھی یہی احتیاط برتیں۔ ہاں چپل پہن کر بیسن پر وضو نہ فرمائیں کہ اکثر پانی نیچے بکھرا رہتا ہے، اگر چپل ناپاک ہوئے تو اس کی وجہ سے چھینٹے آپ کے پاجامے وغیرہ پر پڑیں گے۔ یاد رکھئے! نماز کے لئے طہارت شرط ہے۔ اپنے پاؤں اور لباس وغیرہ پاک رکھنا ضروری ہے۔ اگر عشق و محبت میں شریعت کی حد ٹوٹ جائے تو یہ محبت نہیں جہالت ہے۔ اللہ عزوجل ہم سب کو حقیقی عشق خدا و مصطفٰے عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم نصیب فرمائے۔ اٰمین بجاہِ النبی الامین صلی اللہ علیہ وسلم

مدنی التجا: میرا یہ مدنی پیغام ہر اسلامی بھائی (حاجی) تک پہنچادیں۔ "دوراۃ میاۃ" کے وضو خانے کے گیلے فرش پر ہرگز ہرگز ننگے پاؤں نہ چلیں۔





اللہ

قافلۂ چل مدینہ کے عاشقانِ رسول کی
خدمات میں: السلامُ علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ
ماشاءاللہ! مختلف اسلامی بھائیوں کی طرف سے
دعائیہ پیغامات موصول ہوئے، اللہ پاک سبھی
کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور بے حساب مغفرت
سے مشرف فرمائے۔ میرے حق میں بھی یہ دعا قبول
ہو۔ آمین۔ آہ! میں اپنے گھر میں اکیلا بیٹھا ہوں

میں مدینے سے کیا آگیا ہوں،
زندگی جیسے بجھ سی گئی ہے
گھر کے اندر فضا سونی سونی،
گھر کے باہر سماں خالی خالی
آہ! سب سماں ہو گیا
سونا سونا

قافلۂ چل مدینہ کے عاشقانِ رسول کی خدمات میں:

السلامُ علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

ماشاءَاللہ! مختلف اسلامی بھائیوں کی طرف سے دعائیہ پیغامات موصول ہوئے، اللہ پاک سبھی کو اجرِ عظیم عطا فرمائے اور بے حساب مغفرت سے مُشرَّف فرمائے۔ میرے حق میں بھی یہ دعا قبول ہو۔ آمین۔ آہ! میں اپنے گھر میں اکیلا بیٹھا ہوں۔

میں مدینے سے کیا آگیا ہوں، زندگی جیسے بجھ سی گئی ہے
گھر کے اندر فضا سُونی سُونی، گھر کے باہر سماں خالی خالی
آہ! سب سماں ہو گیا سُونا سُونا

اللہ

قافلۂ چل مدینہ کے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی خدمتوں میں: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔

میں امارات میں اپنی قیام گاہ پہنچ گیا ہوں، مگر اس بات کا احساس ہے کہ آپ کو تقریباً 8 گھنٹے مطار پر گزارنے پڑیں گے۔ اللہ پاک صبر عطا فرمائے۔ اور سفر بخیر کرے۔ آمین۔

آتے ہوئے کیا سہل مدینے کا سفر تھا
جاتے ہوئے ایک ایک قدم راہ کڑی ہے

روتے ہوئے پہنچے تھے روتے ہوئے لوٹے ہیں
چند وصل کی گھڑیاں تھیں اب ہجرِ مدینہ ہے


قافلۂ چل مدینہ کے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی خدمتوں میں: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں امارات میں اپنی قیام گاہ پہنچ گیا ہوں، مگر اس بات کا احساس ہے کہ آپ کو تقریباً 8 گھنٹے مطار پر گزارنے پڑیں گے۔ اللہ پاک صبر عطا فرمائے اور سفر بخیر کرے۔ آمین۔


آتے ہوئے کیا سَہْل مدینے کا سفر تھا
جاتے ہوئے ایک ایک قدم راہ کڑی ہے
روتے ہوئے پہنچے تھے روتے ہوئے لوٹے ہیں
چند وَصل کی گھڑیاں تھیں اب ہجرِ مدینہ ہے

* دعوتِ اسلامی کی اصطلاح میں امیرِ اہلِ سنّت کے ساتھ سفرِ مدینہ کی سعادت پانے کو "چل مدینہ" کہتے ہیں۔

2019 کے قافلۂ چل مدینہ کے عاشقانِ رسول کا سفرِ مدینہ سے واپسی پر عرب امارات ائیر پورٹ پر تقریباً 8 گھنٹے کا (Stay) تھا۔ امیرِ اہلِ سنّت اپنی قیام گاہ پہنچے تو کچھ اس طرح ہمدردی و خیر خواہی فرمائی۔۔۔




آہ! جنّت البقیع تو نہ ملی "بیت البقیع" (باب المدینہ) پہنچ گیا ہوں۔ آہ! مدینہ چھوڑ آیا!


الله
جُمُعہ مبارک
حاجی عمران! آپ کو بھی میری اور
حاجی علی رضا کی طرف سے جُمُعہ
مبارک! دل ہجرِ مدینہ کے
سبب اِس قدر اُداس ہے
کہ الفاظ میں بیان کرنے سے
قاصر ہوں۔ آہ! صرف "ڈھائی دن"
کی حاضری کے بعد جدائی ہوگئی۔
جو لمحے تھے سکوں کے سب مدینے میں گزار آئے
دل بے چین کو کیونکر وطن میں اب قرار آئے
صلّوا علی الحبیب!
صلی اللہ علی محمد

حاجی عمران! آپ کو بھی میری اور حاجی علی رضا کی طرف سے جمعہ مبارک!

دل ہجر مدینہ کے سبب اس قدر اداس ہے کہ الفاظ میں بیان کرنے سے قاصر ہوں۔

آہ! صرف ڈھائی دن کی حاضری کے بعد جدائی ہوگئی۔


جو لمحے تھے سکوں کے سب مدینے میں گزار آئے
دل بے چین کو کیونکر وطن میں اب قرار آئے



امیرِ اہلِ سنت کی ۲۰۱۸ کے سفرِ مدینہ سے جُدائی پر نگرانِ شوریٰ کے نام ایک یادگار تحریر


SCAN ME

SCAN ME




سفرِ مدینہ مبارک، میرا سلام عرض کرنا۔ دعا بھی کرنا۔

*مدینے جانے والے ایک عاشقِ رسول کے نام امیرِ اہلِ سنّت کی تحریر



یادِ رمضان



## دعائے عطار

یارب المصطفیٰ! جو کوئی 30 صفحات کا رسالہ بنام "یادِ مکہ و مدینہ" پڑھ یا سن لے اُسے مکے مدینے کی سچی محبت دے اور اس کو مکے مدینے کی بار بار باادب حاضری نصیب فرما۔

اٰمین بجاہِ خاتَمِ النّبیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم

اللہ

خدا! حجِ مبرور کی دے سعادت
مدینے کی کرتا رہوں میں زیارت

-الموت-

Hand writing of
Ameer-e-Ahle Sunnat

978-969-722-464-7
01082394

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)
UAN +92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net